آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA رجسٹرڈ ایم نمبر 243

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ بہاولپور

چیف ایڈیٹر احسان احمد سحر | ایڈیٹر محمد سلیمان فاروقی | منیجنگ ایڈیٹر نجم النساء بخاری

ٹیلیفون نمبر 062-2508053 موبائل 0301-7740405

جلد نمبر 15 | بروز ہفتہ 30 اکتوبر 2021ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 210

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

کالعدم TLP کیساتھ مذاکرات کے دروازے بند نہیں ہوئے، شیخ رشید

قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس دو گھنٹے جاری رہا اور اجلاس میں چیئرمین جوائنٹ چیف آف سٹاف کمیٹی، آرمی چیف اور مسلح افواج کے سربراہ بھی موجود تھے مذاکرات کے دروازے بند نہیں کئے لیکن ریاست کی رٹ کو ہر حال میں قائم کیا جائیگا

وزیراعظم کل یا پرسوں قوم سے خطاب کریں گے وزیراعظم کی تقریر پوری حکومت کا بیانیہ ہوگی عید میلاد النبیؐ کے جلوس کو دھرنے میں تبدیل کر دیا گیا

چار پولیس اہلکار شہید ہوگئے 80 سے زائد اہلکاروں کو گولیاں لگی ہیں، وزیر داخلہ کی وزیراعظم کی زیر صدرات قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس میں شرکت کے بعد میڈیا گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کا کہنا ہے کہ کالعدم تحریک لبیک پاکستان کے ساتھ مذاکرات کے دروازے بند نہیں ہوئے۔ وزیراعظم عمران خان کی زیر صدارت ہونے والے قومی سلامتی کے اجلاس کے بعد میڈیا

بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

صوبہ پنجاب میں مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کو مکمل کرنے کیلئے فنڈز کی منظوری

لاہور (یو این پی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2021-22 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں

بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ، پاکستان نے افغانستان کو 5 وکٹ سے شکست دیدی

آصف علی کی جارحانہ بلے بازی کی بدولت افغانستان کو 5 وکٹ سے شکست دے دی

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان نے آصف علی کی جارحانہ بلے بازی کی بدولت افغانستان کو 5 وکٹ سے شکست دے دی۔ دبئی میں کھیلے گئے آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کے میچ میں افغانستان نے پہلے

بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈی اے پی اور یوریا کھادوں کی بلیک میں فروخت برداشت نہیں کی جائیگی، اسسٹنٹ کمشنر ظہور احمد اعوان

محکمہ زراعت کنٹرول نرخوں پر زمینداروں کو کھادوں کی فراہمی کو یقینی بنائے

اسسٹنٹ کمشنر کی اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت چوہدری اشفاق احمد کو اپنے دفتر میں ملاقات کے دوران ہدایات

احمد پور شرقیہ: اسسٹنٹ کمشنر ظہور احمد اعوان، اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت چوہدری اشفاق احمد تحصیل بھر میں کھادوں کی صورتحال پر گفتگو کر رہے ہیں۔

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) اسسٹنٹ کمشنر ظہور احمد اعوان نے گزشتہ روز اپنے دفتر میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت احمد پور شرقیہ چوہدری اشفاق احمد سے ملاقات کی۔ اور ان سے تحصیل بھر میں کھادوں کی فروخت سے متعلق معلومات حاصل کیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ڈی اے پی اور یوریا کھاد کی بلیک میں فروخت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔ محکمہ زراعت کنٹرول نرخوں پر زمینداروں کو کھادوں کی فراہمی یقینی بنائے۔ اس

بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت نے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں بھی اضافہ کی تیاری کر لی

وفاقی حکومت نے نیپرا کو بجلی کے بنیادی ٹیرف میں ایک روپے 3 پیسے فی یونٹ اضافہ کی درخواست کی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت

بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کے بنیادی مسائل صرف بلدیاتی نمائندے حل کر سکتے ہیں، ملک راشد محمود ناچ

چیئرمین یونین کونسل مہند کا دفتر یونین کونسل میں چارج سنبھالنے کی تقریب میں اظہار خیال

چنی گوٹھ (نامہ نگار) چیئرمین یونین کونسل

بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایڈیشنل آئی جی پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کا دورہ بہاولپور

امن وامان برقرار رکھنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں، ایڈیشنل آئی جی پولیس پنجاب کا حکم

ریجنل پولیس آفیسر محمد زبیر دریشک نے بہاولپور ریجن میں امن وامان اور جرائم کی کمی کے بارے میں بریفنگ دی

بہاول پور: ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان بہاول پور میں آر پی او محمد زبیر دریشک کو امن عامہ برقرار رکھنے کے لئے ہدایات دے رہے ہیں۔

بہاولپور (پ ر) ایڈیشنل آئی جی کا دورہ بہاولپور، آر پی او بہاولپور محمد زبیر دریشک نے ریجن کی مجموعی امن وامان و کرائم بارے جرنل بریفنگ دی، جس پر ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال اعوان (ستارہ

بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ن لیگی ایم پی اے ملک خالد محمود وارن کے فرزند ملک نوید وارن کا الیکشن لڑنے کا اعلان

احمد پور شرقیہ کے صوبائی حلقہ سے مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پر پی پی 253 سے الیکشن میں حصہ لوں گا، کونسلر محمد آصف گوندل کی اقامت گاہ پر کارکنوں سے گفتگو

احمد پور شرقیہ (پ ر) مسلم لیگ ن کے ایم پی اے ملک خالد وارن کے فرزند ملک نوید وارن نے احمد پور شرقیہ کے حلقہ PP-253 سے مسلم

بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عثمان بزدار کی میو ہسپتال آمد، مظاہرین کے تشدد و فائرنگ سے زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت اور خیریت دریافت کی

وزیراعلیٰ نے زخمی پولیس اہلکاروں کے حوصلے کو سراہا، زخمی پولیس اہلکاروں کے علاج معالجے کے لئے ہسپتال انتظامیہ کو ضروری ہدایات دیں، زخمی پولیس اہلکاروں کو علاج معالجے کی ہر ممکن سہولتیں مہیا کی جائیں گی، پنجاب حکومت کی ہمدردیاں آپکے ساتھ ہیں: عثمان بزدار

حکومت آپ کی فرض شناسی کو سراہتی ہے، حکومت آپکے ساتھ کھڑی ہے، آپ ہمارے ہیرو ہیں، تنہا نہیں چھوڑیں گے، آپکی آمد سے ہمارے حوصلے بڑھے ہیں، زخمی پولیس اہلکاروں کی گفتگو، وزیراعلیٰ نے دیگر مریضوں کی بھی عیادت کی اور طبی سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار نے آج میو ہسپتال میں مظاہرین کے تشدد و فائرنگ سے زخمی پولیس اہلکاروں کی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار فرداً فرداً زخمی ڈی ایس پی، ایس ایچ او اور دیگر پولیس اہلکاروں کے پاس گئے۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے زخمی پولیس اہلکاروں کی خیریت دریافت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے زخمی پولیس اہلکاروں کے حوصلے اور جذبے کو سراہا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے زخمی پولیس اہلکاروں کے علاج معالجے کے لئے ہسپتال انتظامیہ کو ضروری ہدایات دیں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے کہا کہ زخمی پولیس اہلکاروں کو علاج معالجے کی ہر ممکن سہولتیں مہیا کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ نے ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ زخمی پولیس اہلکاروں کی دیکھ بھال میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی جائے۔ وزیراعلیٰ نے زخمی پولیس اہلکاروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب

بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب سردار عثمان بزدار میو ہسپتال میں مظاہرین کے تشدد و فائرنگ سے زخمی ہونیوالے پولیس اہلکاروں کی خیریت دریافت کر رہے ہیں۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر ہیلتھ ڈاکٹر محمد اقبال مکول کی دیہی مرکز صحت مبارک پور میں آمد

عملہ کی حاضری چیک کی جنرل وارڈ ایمرجنسی روم اور دیگر شعبوں کا بھی معائنہ کیا

مبارک پور (نامہ نگار) چیف ایگزیکٹو ہیلتھ ضلع بہاول پور ڈاکٹر محمد اقبال مکول کا دیہی مرکز صحت مبارک پور کا اچانک دورہ نے میڈیکل

بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نور پور نورنگا عباسی پیٹرول پمپ کے سامنے کھڑا نوجوان بس کی لپیٹ میں آگیا

نوجوان عامر علی زخمی حالت میں سڑک کے دوسرے کنارے جا گرا جسے تیز رفتار ٹریلر نے کچل دیا

مبارک پور (نامہ نگار) نیشنل ہائی وے

بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

تاجر خدمت گروپ کے اشتراک سے لگائے گئے فری آئی کیمپ کے مریضوں کی آنکھوں کے آپریشن جاری

آپریشن کرانے والے مرد اور خواتین مریضوں کی جانب سے تاجر رہنماء شیخ محمد مسلم پرویز سے اظہار تشکر

مرد و خواتین مریضوں نے آئی سرجن ڈاکٹر یاسر نثار اور ایم ایس ڈاکٹر محمد عارف غوری، حافظ سعد اللہ شیخ دکھی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا

احمد پور شرقیہ تاجر خدمت گروپ کے اشتراک سے لگائے فری آئی کیمپ میں مفت آپریشن کرنے والے مریض تاجر راہنماء شیخ محمد مسلم پرویز آئی ڈاکٹر سرجن یاسر نثار اور ایم ایس ڈاکٹر عارف غوری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار اور دعائیں دیتے ہوئے

احمد پور شرقیہ (پ ر) تاجر خدمت گروپ کے اشتراک سے تحصیل ہیڈ کوارٹر سول ہسپتال میں لگائے گئے ایک روزہ فری آئی کیمپ میں آئی سرجن یاسر نثار کے منتخب کردہ سفید موتیے کے تیس مریضوں کے آپریشن کا سلسلہ جاری ہے جو اپنی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلے میں میلاد مصطفیٰ کا انعقاد

امام بارگاہ چراغ حیدر میں منور حسین نقوی، زاہد عباس مغل اور مولانا فیضان علی حیدر کا خطاب

احمد پور شرقیہ (پ ر) جشن عید میلاد النبیؐ کے سلسلہ میں امام بارگاہ چراغ حیدر میں میلاد مصطفیٰ کی عظیم الشان تقریب منعقد ہوئی جس میں ثناء خوان مصطفیٰ سید منور حسین نقوی۔ ذاکر اہلبیت زاہد عباس مغل اور اہلسنت والجماعت کے معروف

بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سوشل میڈیا پر TLP کیلئے پراپیگنڈہ کرنیوالے 32 افراد گرفتار، فواد چوہدری

گرفتار کئے گئے جعلی سوشل میڈیا اوکاؤنٹس کے ذریعے نفرت انگیز پروپگنڈہ کر رہے تھے

جعلی خبروں اور پراپیگنڈہ کے خلاف بڑا ایکشن شروع کر دیا ہے مزید گرفتاریاں، وفاقی وزیر اطلاعات

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ کی جانب سے صحافی شیخ عزیز الرحمٰن کے لیے تحائف

روایتی سندھی اجرک، ٹوپی اور کھجوروں کا تحفہ شیخ عزیز الرحمٰن کو پیش کر دیا گیا

احمد پور شرقیہ (پ ر) سابق اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی سید خورشید شاہ ایم این اے کی جانب سے شیخ عزیز الرحمان کو روایتی سندھی اجرک، ٹوپی اور سکھر کی کھجوروں کا تحفہ پیش کیا گیا۔ اس سلسلہ میں میاں عبید اللہ انڑھڑ۔ میر مراد انڑھڑ۔ مظہر علی

بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عبدالقدوس بزنجو بلا مقابلہ وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب

عبدالقدوس بزنجو کے حق میں 39 ووٹ کاسٹ ہوئے اپوزیشن نے رائے شماری میں حصہ نہیں لیا

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) میر عبدالقدوس بزنجو بلا مقابلہ نئے وزیراعلیٰ بلوچستان منتخب ہوگئے۔ قائد ایوان کے انتخاب کے لئے بلوچستان

بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جنوبی پنجاب سکول اولمپکس 2021ء مقابلہ جات

ڈیرہ غازیخاں میں 8 نومبر سے شروع ہوں گے

بہاول پور (پ ر) سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جنوبی پنجاب کے زیر اہتمام جنوبی پنجاب سکول اولمپکس 2021ء مقابلہ جات ڈیرہ غازیخاں میں 8 نومبر سے شروع ہوں گے جو کہ 12 نومبر تک جاری رہیں گے۔ اس سلسلہ میں

بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کراچی چیمبر کا ڈالر 150 روپے کی سطح پر واپس لانے کا مطالبہ

وقت آگیا اسٹیٹ بینک ریگولیٹر ہونے کے ناطے مداخلت کرے، زبیر موتی والا

کراچی (یو این پی) بزنس مین گروپ (بی

بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

قانون شہریوں کیخلاف طاقت کے استعمال کی بالکل اجازت نہیں دیتا

پولیس اور مظاہرین کے مابین جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ تکلیف دہ ہے، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (یو این پی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ قانون شہریوں کے خلاف طاقت کے استعمال کی بالکل اجازت نہیں دیتا، پولیس اور مظاہرین کے مابین جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ تکلیف دہ ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد

بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

نعمان نیاز نے شعیب اختر کی نہیں ملک کی توہین کی ہے، قاسم سوری

ایک نام نہاد کرکٹ ایکسپرٹ کے انتہائی جاہلانہ رویے کی شدید مذمت اور فوری کارروائی کا مطالبہ کرتا ہوں

اسلام آباد (یو این پی) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی قاسم سوری بھی سرکاری ٹی وی کے میزبان نعمان نیاز کے تنازعے پر سابق فاسٹ بولر شعیب اختر کا ساتھ دینے میدان میں آگئے۔ قاسم سوری نے ماٹیکرو بلاگنگ سائٹ ٹوئٹر پر شعیب اختر کے

بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

عوام کیلئے بری خبر، ورلڈ بینک نے مزید مہنگائی کا عندیہ دیدیا

بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ کا خطرہ موجود جبکہ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.9 فیصد تک جاسکتی ہے

کراچی (یو این پی) ورلڈ بینک نے پاکستان ڈویلپمنٹ رپورٹ جاری کردی، عالمی بینک کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف سے قرض معاہدے میں تاخیر سے معیشت کو خطرات لاحق ہیں۔ بیرونی ادائیگیوں کے دباؤ کا خطرہ موجود جبکہ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.9 فیصد تک جاسکتی ہے۔ عالمی بینک کی جانب سے جاری کی گئی پاکستان

بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پاکستان، کورونا وائرس کے مزید 659 کیسز، 17 افراد چل بسے

پاکستان کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان میں کورونا وائرس کی چوتھی لہر کی شدت کم ہونے لگی پاکستان کورونا مریضوں کے حوالے سے مرتب کی گئی فہرست میں 33 ویں نمبر پر آگیا۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) کے اعداد و شمار کے

بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاول پور چوہدری امیر محمد خان، سنٹرل جیل بہاول پور کا ماہانہ دورہ کیا

بہاول پور (پ ر) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج بہاول پور چوہدری امیر محمد خان نے معزز عدالت

بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جہلم میں کالعدم ٹی ایل پی کے مارچ روکنے کیلئے پلوں پر دیواریں تعمیر

حکومت نے مارچ کو کسی بھی صورت جہلم سے آگے نہ بڑھنے دینے کا عندیہ دے رکھا ہے

مارچ کے شرکاء کے پاس جدید تین سے چار ہیوی کرینیں اور ایکسکیو یٹرز سمیت مختلف مشینیں ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے کالعدم ٹی ایل پی کا مارچ روکنے کیلئے جی ٹی روڈ پر چناب و جہلم کے مقامات پر رابطہ پلوں پر کنٹینرز کے بعد دیواریں کھڑی کرنا شروع کر دیں۔ پلوں پر مختلف مقامات پر حفاظتی باڑ توڑ کر رکاوٹوں کے لیے وقفے وقفے سے بند کی شکل میں دیواریں تعمیر کی جا رہی ہیں۔ مارچ کے شرکا کے پاس جدید تین سے چار ہیوی کرینیں اور ایکسکیو یٹرز سمیت مختلف

بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پی پی رہنماء سید خورشید شاہ کی جانب سے عبید اللہ انڑھڑ، شیخ عزیز الرحمان کو روایتی اجرک و ٹوپی پیش کر رہے ہیں، دوسری جانب مہمانان کا گروپ فوٹو۔

ملک نوید وارن، آصف گوندل کے ہمراہ ایم پی اے کے الیکشن لڑنے کا اعلان کر رہے ہیں۔

پاکستان کو اس وقت بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے

موجودہ حکومت ملک میں آئین و قانون کی حکمرانی پر یقین رکھتی ہے، چوہدری محمد سرور

لاہور (یو این پی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے صحت، تعلیم اور سماجی خدمت سمیت مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کر

بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

حکومت کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں موجودہ سطح پر برقرار رہیں گی۔ ذرائع وزارت خزانہ

اسلام آباد (یو این پی) حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید اضافہ نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ میڈیا کے مطابق حکومت نے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق پٹرولیم

بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بچہ جمہورا

سُنا استاد جی: کالعدم ٹی ایل پی کے احتجاج میں پولیس اور کالعدم ٹی ایل پی کے کارکنوں کے جان سے ہاتھ دھونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں

ہاں بچے جمہورے: پولیس اور ٹی ایل پی والے دونوں مسلمان اور پاکستانی ہیں ہماری تو دلی خواہش ہے کہ یہ معاملہ افہام و تفہیم سے حل ہو جائے اور ملک میں خون خرابہ نہ ہو آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو چاہیے کہ وہ مداخلت کر کے معاملے کو حل کرا دیں تاکہ کسی کو جگ ہنسائی کا موقع نہ ملے۔

سمجھ گئے ناں

اداریہ

روزنامہ نوائے احمد پور شرقیہ..... احمد پور شرقیہ

رینجرز کے اختیارات میں اضافہ

آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ معاملے کو سلجھائیں

کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان کے جاری احتجاج روکنے کے لیے وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید نے ساٹھ دنوں کے لیے پنجاب رینجرز کی خدمات صوبائی حکومت پنجاب کے حوالے کر دی ہیں، تازہ اطلاعات کے مطابق پنجاب میں رینجرز کو مظاہرین کو روکنے کے لیے ضرورت پڑنے پر اسلحہ استعمال کرنے کی اجازت دی گئی ہے محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق رینجرز بغیر کسی وارنٹ کسی بھی جگہ داخل ہو سکتی ہے اور ملک کے خلاف کسی سرگرمی میں ملوث ہونے کے شبہ میں کسی کو بھی گرفتار کر سکتی ہے رینجرز کسی بھی جگہ سے ہتھیار اور دیگر سامان قبضہ میں لے سکتی ہے، قانون ہاتھ میں لینے والوں اور خطرہ ثابت ہونے والوں کے خلاف مقدمات درج کرا سکتی ہے، محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق رینجرز کو اختیار ہے کہ کسی بھی ایسے شخص کے خلاف گولی چلانے کا حکم دے جس ریاست و عوام کو جان و مال کا خدشہ ہو اس شق کا اطلاق تب ہوتا ہے جب ریاست کو امن وامان کا سنگین مسئلہ درپیش ہو آئین کے سیکشن 147 کے تحت اس وقت رینجرز کو پنجاب پولیس کے اختیارات حاصل ہیں انسداد دہشت گردی ایکٹ 1947 کے سیکشن 5 کے تحت بھی رینجرز کو بھی اختیارات دیئے گئے ہیں کالعدم تنظیم تحریک لبیک پاکستان کی جانب سے حالیہ احتجاج میں اب تک پنجاب پولیس کے چار ملازمین شہید ہو گئے ہیں 263 کے زخمی ہونے کی اطلاعات ہیں اس طرح کالعدم تحریک لبیک پاکستان نے بھی اپنے چار افراد کے پولیس کے ہاتھوں مارے جانے کی خبر جاری کی ہے خیال رہے کہ فرانسیسی میگزین کی جانب سے نبی اکرمؐ کے قابل اعتراض خاکے شائع کرنے اور صدر فرانس کی جانب سے اسکی حمایت کے خلاف کالعدم تحریک لبیک پاکستان نے 2017 میں بھی نواز شریف حکومت کے دوران احتجاج کرتے ہوئے فیض آباد راولپنڈی کے مقام پر دھرنا دیا تھا اور اس کالعدم جماعت کا ساتواں احتجاج ہے اور وہ فرانسیسی سفیر کی ملک بدری کا، مطالبہ کر رہی ہے ہمیں افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ کالعدم ٹی ایل پی کے احتجاج میں اب تک چار پولیس والے شہید ہوئے اور چار ٹی ایل پی کے حامی بھی مارے گئے ہیں یہ سب پاکستانی ہیں اور مسلمان ہیں سب حضور ﷺ کی ختم نبوت پر کامل ایمان رکھتے ہیں ہم سمجھتے ہیں کہ حکومت کی جانب سے اس مسئلہ کو صحیح طور پر ہینڈل نہیں کیا گیا وفاقی وزراء کے بیانات میں تضادات ہیں۔ کالعدم تحریک لبیک کے ساتھ موجودہ حکومت نے جو معاہدہ کیا اسکے حوالے سے بھی طرح طرح کی باتیں سننے میں آرہی ہیں اور حکومت پر انگلیاں اُٹھائی جارہی ہیں ہم ان کالموں کے ذریعے وزیراعظم عمران خان سے گزارش کریں گے کہ وہ سنی مکتب فکر کے جید علماء کرام کی خدمات حاصل کریں اور کالعدم تحریک لبیک کے سربراہ سعد رضوی کے ساتھ اس مسئلہ کا مستقل حل تلاش کریں گولی یا تشدد اس مسئلہ کا حل نہیں، رینجرز کے اختیارات میں اضافہ سے یہ مسئلہ حل نہیں ہوگا، آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ کو مداخلت کے لیے درخواست کی جائے تاکہ ملک میں خون خرابے کا احتمال نہ رہے

بہاولپور: آئی جی پنجاب اور ڈی پی او کی ہدایت پر ایس ڈی پی او اور ایس ایچ او ز شہریوں کے مسائل کے حل کے حوالے سے مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرتے ہوئے۔

بہاولپور: شعبہ قرآنک اسٹڈیز اسلامیہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام ایک پیغام قرآن سیمینار میں پروفیسر ڈاکٹر شیخ شفیق الرحمٰن ڈین فیکلٹی آف اسلامک لرننگ اور دیگر خطاب کر رہے ہیں۔

نمبر 01

سے گفتگو کرتے ہوئے شیخ رشید نے بتایا کہ کمیٹی کا اجلاس 2 گھنٹے جاری رہا، اجلاس میں چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی ، آرمی چیف اور مسلح افواج کے سربراہ بھی موجود تھے، آج کے اجلاس میں ہر آدمی نے بات چیت کی اور اجلاس میں مذاکرات کی رپورٹ بھی پیش کی گئی۔ ٹی ایل پی کے حوالے سے ایک سوال کے جواب میں شیخ رشید کا کہنا تھا کہ مذاکرات کے دروازے بند نہیں کیے لیکن ریاست کی رٹ کو ہر حال میں قائم کیا جائے گا، خواہش ہے کہ معاملات خوش اسلوبی سے حل ہو جائیں، حکومت نے لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانا ہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا ہم نے کالعدم تحریک لبیک سے جو مذاکرات کیے اور دستخط کیے تھے ان پر قائم ہیں، کالعدم تنظیم والوں نے وعدہ کیا تھا کہ جی ٹی روڈ کھول دیں گے، اگر شام کو ہمارے ان کے ساتھ مذاکرات ہوتے ہیں اور کسی نتیجے پر پہنچتے ہیں تو آپ کو بتائیں گے، وزیراعظم کل پارسوں قوم سے خطاب کریں گے، وزیراعظم کی تقریر پوری حکومت کا بیانیہ ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ کے جلوس کو دھرنے میں تبدیل کر دیا گیا، جی ٹی روڈ کے اطراف رہائشی اسکول اور کالجز متاثر ہیں، 4 پولیس اہلکار شہید ہو گئے ہیں، 80 سے زائد اہلکاروں کو گولیاں لگی ہیں، جب ملکی فورس پر گولی چلائی جاتی ہے تو ایسے حالات میں پولیس کو رینجرز کے ماتحت کرنے کا فیصلہ کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ قومی سلامتی کمیٹی کے اجلاس حکومت کی رٹ کو قائم رکھنے کا فیصلہ ہوا ہے، ہم نے کل رینجرز کو آرٹیکل 147 کے تحت اختیار دیے اور پولیس کو رینجرز کے تحت کر دیا ہے۔ شیخ رشید نے کہا کہ کالعدم تنظیم کے مظاہرین بیرون ملک سے سوشل میڈیا چلا رہے ہیں، واٹس ایپ انڈیا، ہانگ کانگ، امریکا اور برطانیہ سے چل رہے ہیں، ہانگ کانگ، بھارت، برطانیہ اور امریکا سے ای میلز بھی چل رہی ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں شیخ رشید کا کہنا تھا جانیں دونوں طرف قیمتی ہیں، پولیس والوں کے بھی بچے ہیں، گھر والے ہیں، میں توقع رکھتا ہوں کہ قومی نقصان نا ہو، سعد رضوی جہاں بھی ہیں ان سے بات چیت ہو رہی ہے، ان کو مارچ روکنا چاہیے اور مذاکرات کے نتائج دیکھنے چاہئیں۔

نمبر 02

بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹ کے نقصان پر 147 رنز بنائے اور پاکستان نے مطلوبہ ہدف 19 ویں اوورز میں 5 وکٹ کے نقصان پر پورا کیا۔ قومی ٹیم کی جانب سے محمد رضوان اور بابر اعظم نے اننگز کا آغاز کیا تاہم رضوان صرف 8 رنز بنانے کے بعد پویلین واپس لوٹ گئے جس کے بعد فخر زمان 30 رنز کی ذمہ دارنہ اننگز کھیل کر آٹ ہوئے جب کہ محمد حفیظ صرف 10 رنز کے مہمان ثابت ہوئے۔ بابر اعظم نے ایک اور ذمہ دارنہ اننگز کھیلتے ہوئے 45 گیندوں پر اپنی نصف سنچری مکمل کی اور وہ 51 رنز بنا کر پویلین واپس لوٹے۔ شعیب ملک نے 15 گیندوں پر 19 رنز کی اننگز کھیلی۔ پاکستان کو 12 گیندوں پر 24 رنز درکار تھے تاہم آصف علی نے ایک ہی اوور میں 4 چھکے لگا کر ہدف پورا کر لیا۔ افغانستان کی جانب سے راشد خان نے 2، نوین الحق، محمد نبی اور مجیب الرحمان نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔ اس دوران قومی ٹیم کے کپتان بابر اعظم نے ٹی ٹوئنٹی میں ایک اور اعزاز بھی اپنے نام کیا۔ بابر اعظم نے اپنی 26 ویں اننگز میں بطور کپتان ٹی ٹوئنٹی میں تیز ترین ایک ہزار رنز مکمل کیے جب کہ ویرات کوہلی نے یہ کارنامہ 30 میچوں میں انجام دیا تھا۔ اس سے قبل افغانستان کے کپتان محمد نبی نے پاکستان کے خلاف ٹاس جیت کر پہلے خود بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ افغانستان کی جانب سے حضرت اللہ زازائی اور محمد شہزاد نے اننگز کا آغاز کیا تاہم زازائی دوسرے ہی اوور میں کھاتہ کھولے بغیر پویلین واپس لوٹ گئے اور اگلے ہی اوور میں شہزاد بھی 8 رنز بنانے کے بعد آٹ ہو گئے۔ اصغر افغان بھی چوتھے اوور میں 10 رنز بنانے کے بعد آٹ ہوئے۔ رحمت اللہ گرباز بھی 10 رنز کی اننگز کھیل کر پویلین واپس لوٹے، کریم جنت کی اننگز 15 رنز تک محدود رہی اور نجیب اللہ زردان بھی 22 رنز کے بعد ہمت ہار گئے۔ آخر میں کپتان محمد نبی اور گلبدین نیب نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے افغانستان کا اسکور آگے بڑھایا۔ دونوں 35، 35 رنز پر ناٹ آٹ رہے۔ پاکستان کی جانب سے عماد وسیم نے 2، حارث رف، شاہین آفریدی، حسن علی اور شاداب خان نے ایک ایک وکٹ حاصل کی۔

نمبر 03

مختلف سیکٹرز کی 9 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 20 ارب 88 کروڑ 43 لاکھ 30 ہزار روپے کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ عبداللہ خان سنبل نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری دی گئی ان میں پانی کے کوالٹی مانیٹرنگ سسٹم میں اضافہ کیلئے 1 ارب 40 کروڑ، تمام اضلاع میں ایمرجنسی سروسز کو مضبوط بنانے کیلئے 66 کروڑ 30 لاکھ روپے، 27 اضلاع میں موٹر بائیک ایمبولینس سروسز کی فراہمی کیلئے 98 کروڑ 49 لاکھ 6 ہزار روپے، انصاف آفٹر نون سکولز پروگرام کیلئے 5 ارب 80 کروڑ 26 لاکھ 24 ہزار روپے، ضلع سیالکوٹ میں گاؤں کیے چک میں ڈویژنل پبلک سکول کے قیام کیلئے 5 5 کروڑ روپے، لاہور شہر کے جمالیاتی نظارے کو بڑھانے کے سلسلہ میں دلکش لاہور اقدام کیلئے 49 کروڑ 99 لاکھ 87 ہزار روپے، سروس کی فراہمی کو بڑھانے کے سلسلہ میں توسیعی خدمات کی نجکاری کیلئے 9 ارب 68 کروڑ 47 لاکھ روپے، ضلع ڈی جی خان تحصیل تونسہ میں ماڈل ڈیری فارم کے قیام کیلئے 41 کروڑ روپے اور سیالکوٹ میں نکرہ تا سیالکوٹ روڈ کی دو رویہ تعمیر و مرمت اور بحالی (لمبائی 20.08 کلومیٹر) کیلئے 88 کروڑ 91 لاکھ 13 ہزار روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں متعلقہ صوبائی محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

نمبر 04

موضع پر چوہدری اشفاق احمد نے انہیں بتایا کہ محکمہ زراعت کے عملہ بے بلیک مارکیٹنگ کرنے والے دوکانداروں کے خلاف کریک ڈاون شروع کر دیا ہے اور اب تک دوکانداروں کو لاکھوں روپے جرمانہ اور مقدمات درج کرا دیئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی اے پی کھاد کی کوئی کمی نہیں ہے۔ اس موقع پر عبدالشفیق خان بلوچ ایڈووکیٹ بھی موجود تھے

نمبر 05

نے نیپرا سے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 1 روپے 39 پیسے فی یونٹ تک اضافے کی درخواست کر دی۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق رواں ماہ بجلی کی قیمت میں پے در پے اضافے کے بعد اب حکومت نے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں بھی اضافے کی تیاری کر لی ہے، اور وفاقی حکومت نے نیپرا کو درخواست جمع کرا دی ہے جس میں نیپرا سے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 1 روپے 39 پیسے فی یونٹ تک اضافے کی درخواست کی گئی ہے، جب کہ نیپرا نے متعلقہ فریقین کو نوٹسز بھی جاری کر دیے ہیں۔ دستاویز کے مطابق نیپرا سے بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 1 روپے 39 پیسے فی یونٹ تک اضافے کی درخواست کی گئی ہے اور یہ اضافے کی درخواست کے الیکٹرک سمیت ملک بھر کے صارفین کے لیے کی گئی ہے، بنیادی ٹیرف میں اضافے سے صارفین پر مستقل بوجھ پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق نیپرا وفاقی حکومت کی درخواست پر 2 نومبر کو سماعت کرے گی، ٹیرف میں اضافے سے صارفین پر کتنا اضافی بوجھ پڑے گا اس حوالے سے سماعت میں جائزہ لیا جائے گا، تاہم بجلی کی قیمتوں میں اضافے کا اطلاق لائف لائن صارفین پر نہیں ہوگا، جب کہ 200 یونٹ بجلی استعمال کرنے والے صارفین بھی اضافے سے مستثنیٰ ہوں گے۔

نمبر 06

امتیاز) نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ امن عامہ برقرار رکھنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں، یہ کہ پولیس کا کام لوگوں کی جان و مال کو تحفظ دینا ہے پولیس اپنی اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی کو قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں انہوں نے مزید کہا کہ امن عامہ کے لیے شہریوں کا تعاون بھی حاصل کیا جائے تا کہ شہری جرائم پیشہ اور مشکوک افراد کی سرگرمیوں بارے پولیس کو مطلع رکھیں۔ کیپٹن ریٹائرڈ ظفر اقبال اعوان نے کہا کہ پولیس اور عوام کے درمیان فاصلوں کو کم کرنے کے لیے کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیا جائے اور تمام ایس ایچ اوز کو سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی اور خوش گفتاری کا پابند کیا جائے۔ آر پی او نے جرائم پیشہ افراد کی سرکوبی کے لیے اٹھائے گئے اقدامات سے بھی آگاہ کیا۔

نمبر 07

لیگ ن کے ٹکٹ پر الیکشن لڑنے کا اعلان کر دیا ہے اس امر کا انکشاف انہوں نے کونسلر بلدیہ احمد پور شرقیہ محمد آصف گوندل کی رہائش گاہ پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے عوام کا ناطقہ بند کر دیا ہے اور عوام پریشانی کا شکار ہیں۔ اس لئے آئندہ حکومت مسلم لیگ ن کی ہوگی اور وہ حلقہ PP-253 سے بھرپور طریقہ سے الیکشن میں حصہ لیں گے اور کامیاب ہو کر پاکستان اور علاقہ کی فلاح و بہبود کیلئے بھرپور کام کریں گے۔ خیال رہے کہ اس حلقہ سے قبل ازیں قاضی عدنان فرید مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پر ایم پی اے منتخب ہوئے تھے جسے 2018ء کے الیکشن میں پی ٹی آئی کے امیدوار صاحبزادہ گزین عباسی نے شکست دی تھی۔ اس حلقہ سے اب ملک نوید وارن اُمیدوار کے طور پر سامنے آئے ہیں جس سے سیاسی حلقوں میں ہلچل پیدا ہوگئی ہے۔

نمبر 08

حکومت کی ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں۔ حکومت آپ کے ساتھ کھڑی ہے۔ آپ فرض کی ادائیگی کے دوران زخمی ہوئے ہیں، حکومت آپ کی فرض شناسی کو سراہتی ہے۔ حکومت آپ اور آپ کے خاندان کی ہر ممکن دیکھ بھال کرتی رہے گی۔ آپ ہمارے ہیرو ہیں، آپ کو تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ زخمی پولیس اہلکاروں نے وزیراعلیٰ سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی آمد سے ہمارے حوصلے بڑھے ہیں۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے آرتھو پیڈک وارڈ میں زیر علاج دیگر مریضوں کی بھی عیادت کی۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے مریضوں سے ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولتوں کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ عثمان بزدار نے مریضوں اور ان کے تیمارداروں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ کو کوئی مسئلہ ہے تو بتائیں میں حل کروں گا۔ صوبائی وزیر صنعت میاں اسلم اقبال، معاون خصوصی اطلاعات حسان خاور، سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر و میڈیکل ایجوکیشن، کمشنر لاہور ڈویژن، ڈپٹی کمشنر لاہور اور متعلقہ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

نمبر 09

آفیسر ڈاکٹر زیشان احمد کے ہمراہ ایمرجنسی روم، لیبر روم، ای پی آئی روم اور جنرل وارڈ کا معائنہ کرتے ہوئے تمام عملہ کی حاضری چیک کی اس موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ محکمہ صحت پنجاب عوام کو بنیادی سہولیات فراہم کرنے میں کوشاں ہیں کرونا سے نمٹنے کے لئے 25 اکتوبر سے 12 نومبر تک ہونے والی گھر گھر جا کر ویکسین لگانے کی مہم (RED) کی وجہ سے مصروف عمل ہے مہم کے اختتام کے بعد دیہی مرکز صحت مبارک پور کا جنرل ڈیوٹی پر مامور عملہ بہت جلد اپنے سنٹر پر ڈیوٹی سرانجام دیگا۔ بعد ازاں چیف ایگزیکٹیو ڈاکٹر اقبال مکول نے بنیادی مرکز صحت جانوالہ کا بھی دورہ کیا اور ویکسینیشن ٹیموں کو چیک کرتے ہوئے اطمنان کا اظہار کیا۔

نمبر 10

ذائی فیکو مشین کو آپریشن کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔ آنکھوں کے کامیاب آپریشن کے بعد مرد خواتین مریضوں نے تاجر خدمت گروپ بالخصوص اسکے سرکردہ راہنماء شیخ مسلم پرویز سے اظہار تشکر کیا جنہوں نے ہم غریب لوگوں کے لیے انتظامات کئے اور اس فری کیمپ کے انعقاد کو ممکن بنایا۔ آپریشن کرانے والے مریضوں نے آئی سرجن ڈاکٹر یاسر نثار اور ایم ایس ڈاکٹر محمد عارف غوری کی، سینئر ٹیکنیشن حافظ سعد اللہ شیخ دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کی تعریف کی ہے انکے اور شیخ مسلم پرویز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا

نمبر 11

بیٹ نمبر 21 نور پور نورنگہ سے جھانگڑہ انٹرچینج تک جانے کے لئے باقاعدہ یوٹرن نہ ہونے کی وجہ سے درجن سے زیادہ قیمتی جانوں کا ضیاع ہو چکا ہے یوٹرن نہ ہونے کی وجہ سے ایک اور نوجوان ٹرالے تلے کچلا گیا۔ تفصیل کے مطابق DNB 14 کا رہائشی نوجوان عامر علی ولد ارشد علی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر مبارک پور جا رہا تھا کہ تحصیل ضلع بہاولپور نیشنل ہائی وے بیٹ نمبر 21 نور پور نورنگہ عباسی پمپ کے سامنے یوٹرن پر کھڑا سڑک کراس کرنے کا انتظار کر رہا تھا کہ پیچھے سے تیز رفتار بس نے ٹکر ماردی جس کے نتیجہ میں وہ مخالف سڑک پر جا گرا اور اچانک سامنے سے آنے والا ٹرالر نے اسے کچل دیا، قریبی دوکانداروں اور اہل علاقہ نے صحافیوں کو بتایا کہ نیشنل ہائی وے بیٹ نمبر 21 نور پور سے جھانگڑہ انٹرچینج جانے کے لیئے باقاعدہ یو ٹرن نہ ہونے کی وجہ سے ایک سال کے اندر تقریبا 12 سے زیادہ افراد کی قیمتی جانیں ضائع ہو چکی ہیں محکمہ ہائی وے کی لاپرواہی کی وجہ سے آج ایک اور نوجوان کی قیمتی جان ضیا ہوا ہے اہلیان علاقہ نے IG موٹر وے سے نور پور نورنگہ عباسی پٹرول پمپ کے سامنے باقاعدہ یوٹرن بنوانے کا مطالبہ کیا ہے۔

نمبر 12

اطلاعات چوہدری فواد حسین کا کہنا ہے کہ جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے نفرت انگیز پروپیگنڈا کرنے والے 32 افراد گرفتار کر لئے گئے ہیں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ٹویٹر پر اپنی ٹویٹ میں وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ رات ایک اہم کارروائی میں کالعدم جماعت سے تعلق رکھنے والے 32 اراکین کو گرفتار کیا گیا ہے، یہ لوگ جعلی سوشل میڈیا اکاؤنٹس کے ذریعے نفرت انگیز پروپیگنڈا کر رہے تھے۔ وزیر اطلاعات کا کہنا تھا کہ جعلی خبروں اور پروپیگنڈے کیخلاف بڑا ایکشن شروع کر دیا گیا ہے جلد ہی مزید گرفتاریاں ہوں گی۔ دوسری جانب لاہور کے علاقے شاہدرہ جی ٹی روڈ بلاک کرنے پر پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے کالعدم تحریک لبیک کے 30 کارکن گرفتار کر لیے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کالعدم تنظیم کے مارچ کو سپورٹ کرنے کے لیے نکلے تھے اور انہوں نے جلاؤ گھیراؤ اور موت کا خوف دلا کر دکانیں بند کرانے کی کوشش کی، ملزمان کے خلاف دہشت گردی، بغاوت کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کر لئے گئے۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز بھی ایف آئی اے نے اپنی کارروائی میں اسلام آباد، لاہور، بہاولپور، فیصل آباد، ننکانہ صاحب، سمیت مختلف شہروں سے 12 افراد کو گرفتار کیا تھا اور ایف آئی اے حکام کے مطابق اسلام آباد سے حمزہ شیخ جبکہ دیگر شہروں سے نعیم سمیت دیگر افراد کو گرفتار کیا گیا، ملزمان پر سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد اور جعلی تصاویر اور کلپ اپ لوڈ کرنے کے الزامات ہیں۔

نمبر 13

خطیب مولانا فیضان علی حیدر نے بھرپور خطاب کیا۔ اس موقع پر سید حاکم علی شاہ کے وارثان اور حاجی محمد شفیع مغل کے وارثان کی روح کے ایصال ثواب کیلئے دعا کرائی گئی۔ اس تقریب میں سید مہتاب حسین سابق کیپٹن پاکستان نیوی۔ علی رضا کاظمی۔ اعجاز حسین مغل۔ سلیم قریشی۔ شیخ عزیز الرحمان۔ سید ناظم علی شاہ۔ و دیگر نے بھرپور شرکت کی۔ بعد ازاں صلوٰۃ و السلام پیش کیا گیا اور استحکام پاکستان کیلئے خصوصی دعا کرائی گئی۔

نمبر 14

خان جتوئی۔ چاچو غلام نبی اور صدر الدین بھٹو نے احمد پور شرقیہ پہنچ کر سماجی رہنما شیخ عزیز الرحمان کو سید خورشید شاہ کی جانب سے تحفہ پیش کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سید خورشید شاہ کی رہائی کے سلسلے میں میاں عبیداللہ اور ان کے ساتھیوں کی جانب سے پیدل مارچ کے نتیجے میں شیخ عزیز الرحمان کو یہ تحائف پیش کئے گئے جنہوں نے پیدل مارچ کے کارکنان کا بھرپور استقبال کیا۔ اس موقع پر جملہ اراکین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سید خورشید شاہ کی گرفتاری جمہوریت کے خلاف سازش تھی اور انکی رہائی اصولوں کے تحت ہوئی ہے۔ جس پر انہیں مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ سید خورشید شاہ کا ماضی بے داغ اور ملک کیلئے ان کی خدمات بے مثال ہیں۔

نمبر 15

گورنمنٹ صادق ڈین ہائی سکول بہاولپور میں منعقدہ تقریب میں اولمپئن وفلائنگ ہارس سمیع اللہ خاں نے سکول اولمپکس مشعل کو روشن کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا، سی ای او ایجوکیشن بہاولپور ظہور احمد چوہان، سی ای او ایجوکیشن بہاولنگر شاہدہ حفیظ، ڈویژنل سپورٹس آفیسر مقصود الحسن جاوید، اساتذہ، طلباء و طالبات، مختلف محکموں کے افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندگان موجود تھے۔ اولمپئن وفلائنگ ہارس سمیع اللہ خاں نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جنوبی پنجاب کی جانب سے سکول اولمپکس مقابلہ جات کا انعقاد شاندار اقدام ہے۔ نوجوان طلباء و طالبات پڑھائی کے ساتھ ساتھ سپورٹس سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ انشاء اللہ نوجوان کھیل کے میدان میں نمایاں کارنامے سرانجام دیں گے اور ملک و قوم کا نام روشن کریں گے۔ ڈپٹی کمشنر عرفان علی کاٹھیا نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سکول اولمپکس میں نوجوانوں کو اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے میں مدد ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کھیل کے میدان آباد کریں اور نصابی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی حصہ لیں۔ ڈپٹی کمشنر نے سپورٹس کے فروغ کے لئے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جنوبی پنجاب کے کردار کو سراہا۔ سی ای او ایجوکیشن ظہور احمد چوہان نے سپاسنامہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ وزیر تعلیم پنجاب اور سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ جنوبی پنجاب کی سرپرستی میں جنوبی پنجاب کے تینوں ڈویژنوں میں سکول اولمپکس منعقد کی جا رہی ہیں جن میں جنوبی پنجاب کے 11 اضلاع سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں کھلاڑی درجنوں طلائی، نقرئی اور کانسی کے تمغوں کے حصول کے لئے مقابلہ جات میں شرکت کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ سکول اولمپکس کے انعقاد کا مقصد تعلیمی اداروں میں کھیلوں کی روایات کا احیاء کرنا، بین الاقوامی معیار کے کھلاڑی پیدا کرنے کے لئے نرسریاں تیار کرنا، نوجوانوں میں ڈسپلن، سپورٹس مین سپرٹ اور صحت مند عادات کو فروغ دینا تا کہ وہ کمپیوٹر، ویڈیو گیمز، موبائل کے بے جا استعمال سے دور رہیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکول اولمپکس مشعل بہاولپور سے روشن کی گئی ہے جو دیگر کھلاڑیوں سے ہوتی ہوئی ضلع بہاولنگر کے کھلاڑیوں کو منتقل ہو گی۔ اسی طرح یہ مشعل ایک ضلع کے کھلاڑیوں سے دوسرے ضلع کے کھلاڑیوں تک منتقل ہوتی ہوئی 8 نومبر کو ڈیرہ غازیخاں میں منعقد ہونے والی سکول اولمپکس کی افتتاحی تقریب میں پہنچے گی۔ انہوں نے بتایا کہ طلباء و طالبات کے مابین سکول اولمپکس کے تحت ہاکی، فٹ بال، والی بال، ٹیبل ٹینس اور بیڈمنٹن کے الگ الگ مقابلہ جات ڈیرہ غازیخاں میں منعقد کئے جائیں گے جبکہ ہاکی اور فٹ بال کے مقابلہ جات بہاولپور اور ملتان میں منعقد ہوں گے۔

نمبر 16

ہائی کورٹ میں شہدا فاؤنڈیشن کی جانب سے کالعدم تنظیم کے مارچ کے شرکاء پر پولیس تشدد کے خلاف دائر درخواست پر سماعت ہوئی، جہاں درخواست گزار کے وکیل ایڈووکیٹ طارق اسد نے عدالت میں مؤقف پیش کیا کہ شرکاء پر پولیس کے تشدد کو غیر قانونی و غیر آئینی قرار دیا جائے جب کہ شرکاء پر تشدد کے ذمہ داران کا تعین کر کے ان کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کی جائے۔ دوران سماعت اپنے ریمارکس میں جسٹس عامر فاروق نے کہا کہ قانون شہریوں کے خلاف طاقت کے استعمال کی بالکل اجازت نہیں دیتا، جو کچھ بھی ہو رہا ہے وہ تکلیف دہ ہے، ابھی تک سب کچھ پنجاب میں ہو رہا ہے اور پنجاب ہمارے دائرہ اختیار سے باہر ہے لیکن چوں کہ معاملہ انسانی جانوں کا ہے، اس لیے ہم اس کیس کو دیکھیں گے، ہم پیر کو فریقین کو طلب کر لیتے ہیں۔ اس پر درخواست گزار کے وکیل نے کہا کہ تمام احکامات وفاقی حکومت جاری کر رہی ہے، پیر تک بہت دیر ہو جائے گی، اس لیے حکم امتناعی کی درخواست پر آج آرڈر جاری کرنے کی استدعا ہے، اس کے جواب میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے ریمارکس دیئے کہ ہمیں صرف ایک دن دے دیں، تب تک ہم فریقین کو طلب کر کے رپورٹ لیتے ہیں، ان ریمارکس کے ساتھ ہی عدالت نے درخواست کے قابل سماعت ہونے پر فیصلہ محفوظ کر لیا۔ دوسری جانب حکومت پنجاب نے اپنی رپورٹ میں چونکا دینے والے انکشافات کیے ہیں کہ ایک حساس ادارے کو کچھ مصدقہ اطلاعات ملی ہیں کہ کالعدم تنظیم کا بھارتی گٹھ جوڑ ہے، دی نیوز کی خبر کے مطابق پنجاب نے ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹی کے منٹس جمع کروائے، جس میں لکھا گیا ہے کہ ٹی ایل پی کے سیکرٹری خزانہ کے بھائی کے بینک اکاؤنٹ کی نشاندہی کی گئی، لاہور کے ایک نجی بینک میں کھولے گئے اس اکاؤنٹ میں گذشتہ تین ماہ میں غیر معمولی غیر ملکی رقم کی ترسیل ہوئی، اکاؤنٹ میں غیر ملکی ترسیلات بھیجی جا رہی ہیں، 5 جولائی 2021 کو ایک ٹرانزیکشن راجیش ہمت لال اور میکش ہمت لال کی طرف سے آئی جو کہ بھارتی شہری ہیں اور اس وقت دبئی میں رہتے ہیں۔ پنجاب حکومت نے عدالت عظمیٰ میں جمع کرائی گئی رپورٹ میں انکشاف کیا کہ بینک اکاؤنٹ میں یہ ٹرانزیکشن پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے کالعدم ٹی ایل پی کے ساتھ بھارتی گٹھ جوڑ کی نشاندہی کرتی ہے، حکومت پنجاب نے 11 اکتوبر 2021 کو سپریم کورٹ آف پاکستان میں ٹی ایل پی کے سربراہ کی نظر بندی کو غیر قانونی قرار دینے کے لاہور ہائیکورٹ کے حکم کو چیلنج کیا لیکن سپریم کورٹ نے کیس کا فیصلہ کرنے کے لیے دو رکنی خصوصی بینچ کے لیے اس کیس کو واپس لاہور ہائیکورٹ بھیج دیا۔ رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا کہ حساس ادارے کو مصدقہ اطلاع ملی کہ سیرات المستقیم کے نام سے ایک واٹس ایپ گروپ چلایا جا رہا ہے جس کا ایڈمن بھارت میں مقیم ہے، مذکورہ گروپ میں 117 ہندوستانی اراکین کی شناخت کی گئی، حراست میں لیے گئے کالعدم جماعت کے سربراہ کے ہمدرد بھی اس گروپ کا حصہ ہیں، حکومت پنجاب کی دستاویزات میں ٹی ایل پی کے فنانس سیکرٹری کے بھائی کے لیے غیر ملکی ترسیلات، ہندوستانیوں کے رابطے کی تفصیلات اور ڈسٹرکٹ انٹیلی جنس کمیٹی کے نتائج کو ظاہر کرنے والا بینک اسٹیٹمنٹ بھی تھا، ان تمام دستاویزات کو عدالت عظمیٰ میں دائر درخواست کا حصہ بنایا گیا۔

نمبر 17

ہمراہ لی گئی اپنی تصویر شیئر کی۔ ٹوئٹر پر تصویر شیئر کرتے ہوئے قاسم سوری نے کہا کہ 'اخلاق سے قومیں بنتی اور بگڑتی ہیں، انسان کو جانوروں سے ممتاز کرنے والی اصل شے اخلاق ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے عظیم قومی ہیرو شعیب اختر کے ساتھ ایک نام نہاد کرکٹ ایکسپرٹ کے انتہائی جاہلانہ رویے کی شدید مذمت اور فوری کاروائی کا مطالبہ کرتا ہوں۔ قاسم سوری نے کہا کہ نعمان نیاز نے شعیب اختر کی نہیں بلکہ پاکستان کی توہین کی ہے۔

نمبر 18

ڈویلپمنٹ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مقامی طلب میں اضافے سے بیرونی ادائیگیوں پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ افغان صورتحال کے باعث امن وامان کی صورتحال خراب ہو رہی ہے، ان حالات میں معاشی اصلاحات کا عمل تاخیر کا شکار ہو سکتا ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2022 میں پاکستان کی جی ڈی پی 3.5 فیصد اور بجٹ خسارہ 7.1 فیصد تک رہنے کی توقع ہے، تاہم انتخابی سال میں بجٹ خسارہ 7.2 فیصد تک جا سکتا ہے۔ پاکستان کی برآمدات میں اضافہ نہیں ہو رہا جبکہ جاری کھاتوں کا خسارہ بھی بڑھ رہا ہے۔ ورلڈ بینک رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ بجلی اور پٹرول کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھ رہی ہے۔ رواں سال مہنگائی کی شرح 8.9 فیصد تک جا سکتی ہے اور غربت کی شرح 4.8 فیصد تک رہنے کی توقع ہے۔

نمبر 19

مطابق پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا وائرس کے مزید 659 کیسز سامنے آئے ہیں، مزید 17 افراد اس موذی وباء کے سامنے زندگی کی بازی ہار گئے، اس کے مزید 931 مریض شفایاب ہو گئے، مثبت کیسز کی شرح 1 اعشاریہ 46 فیصد پر آ گئی۔ پاکستان بھر میں کورونا وائرس کے اب تک 28 ہزار 431 مریض انتقال کر چکے ہیں، اس موذی وائرس کے کُل مریضوں کی تعداد 12 لاکھ 71 ہزار 687 ہو چکی ہے۔ ملک بھر میں ہسپتالوں، قرنطینہ سینٹرز، وینٹی لیٹرز اور گھروں میں کورونا وائرس کے 23 ہزار 151 مریض زیر علاج ہیں، جن میں سے 1 ہزار 395 مریضوں کی حالت تشویش ناک ہے، 12 لاکھ 20 ہزار 105 مریض اب تک اس بیماری سے شفایاب ہو چکے ہیں۔ گزشتہ 24 گھنٹوں میں ملک میں کورونا وائرس کے مزید 45 ہزار 93 ٹیسٹ کیئے گئے، اب تک کل 2 کروڑ 7 لاکھ 5 ہزار 288 کورونا ٹیسٹ کیئے جا چکے ہیں۔ پاکستان بھر میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 7 لاکھ 54 ہزار 680 افراد کو کورونا وائرس کی ویکسین دی گئی، اب تک کل 10 کروڑ 35 لاکھ 14 ہزار 198 کورونا ویکسین کی خوراکیں دی جا چکی ہیں، 4 کروڑ 16 ہزار 932 افراد کی مکمل ویکسینیشن ہو چکی ہے۔ سندھ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد دیگر صوبوں سے زیادہ 4 لاکھ 69 ہزار 122 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے کُل اموات 7 ہزار 563 ہو گئیں۔ پنجاب میں کورونا وائرس کے اب تک 4 لاکھ 39 ہزار 845 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ یہاں کل ہلاکتیں دیگر صوبوں سے زیادہ ہیں جو 12 ہزار 909 ہو چکی ہیں۔ خیبر پختون خوا میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 1 لاکھ 77 ہزار 807 ہو چکی ہے، جبکہ اس سے یہاں کل اموات 5 ہزار 738 ہو گئیں۔ وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں 1 لاکھ 6 ہزار 835 کورونا وائرس سے متاثرہ مریض اب تک سامنے آئے ہیں، جبکہ اب تک یہاں کُل 939 افراد اس وباء سے جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کے اب تک 34 ہزار 461 مریض رپورٹ ہوئے ہیں، جبکہ اس کے باعث اب تک یہاں کُل 740 مریض وفات پا چک